# اتوار22 دسمبر،2024

# مضمون۔ کیا کائنات بشمول انسان ایٹمی توانائی سے مرتب ہوئی؟

## سنہری متن: زبور165:119آیت

---

’’تیری شریعت سے محبت رکھنے والے مطمئن ہیں۔ اُن کے ٹھوکر کھانے کا کوئی موقع نہیں۔‘‘

---

## جوابی مطالعہ: زبور1:46تا3،5،8تا10آیات

1۔ خدا ہماری پناہ اور قوت ہے۔ مصیبت میں مُستعد مدد گار۔

2۔ اس لئے ہم کو کچھ خوف نہیں خواہ زمین اُلٹ جائے۔ اور پہاڑ سمندر کی تہہ میں ڈال دیئے جائیں۔

3۔ خواہ اُس کا پانی شور مچائے اور موجزن ہو اور پہاڑ اُس کی طغیانی سے ہل جائیں۔

5۔ خدا اُس میں ہے۔ اُسے کبھی جنبش نہ ہو گی۔ خدا صبح سویرے اُس کی کُمک کرے گا۔

8۔ آؤ خداوند کے کاموں کو دیکھیں۔

9۔ وہ زمین کی انتہا تک جنگ موقوف کرتا ہے۔ وہ کمان کو توڑتا اور نیزے کے ٹکڑے کر ڈالتا ہے۔ وہ رتھوں کو آگ سے جلا دیتا ہے۔

10۔ خاموش ہو جاؤ اور جان لو کہ میں خدا ہوں۔ میں قوموں کے درمیان سربلند ہوں گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ’’سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

درسی وعظ

# بائبل میں سے

## 1۔ یسعیاہ 2 باب 1 تا 4، 11 آیات

1۔وہ بات جو یسعیاہ بن آموص نے یہوداہ اور یروشلیم کے حق میں رویا دیکھی۔

2۔آخری دنوں میں یوں ہو گا کہ خداوند کے گھر کا پہاڑ پہاڑوں کی چوٹیوں پر قائم کیا جائے گا اور ٹیلوں سے بلند ہو گا اور سب قومیں وہاں پہنچیں گی۔

3۔بلکہ بہت سی امتیں آئیں گی اور کہیں گی آؤ خداوند کے پہاڑ پر چڑھیں یعنی یعقوب کے خدا کے گھر میں داخل ہوں اور وہ اپنی راہیں ہم کو بتائے گا اور ہم اُس کے راستوں پر چلیں گے کیونکہ شریعت صیون سے اور خداوند کا کلام یروشلیم سے صادر ہو گا۔

4۔اور قوموں کے درمیان عدالت کرے گا اور بہت سی اُمتوں کو ڈانٹے گا اور وہ اپنی تلواروں کو توڑ کر پھالیں اور اپنے بھالوں کو ہنسوئے بنا ڈالیں گے اور قوم قوم پر تلوار نہ چلائے گی اور وہ پھر کبھی جنگ کرنا نہ سیکھیں گے۔

11۔انسان کی اونچی نگاہ نیچی کی جائے گی اور بنی آدم کا تکبر پست ہو جائے گا اور اُس روز خداوند ہی سر بلند ہو گا۔

## 2۔ 2 تواریخ 20 باب 1، 3 تا 6، 13، 14 (تا پہلی)، 15 (کہا)، 17، 18، 20 تا 22، 27 تا 30 آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

1۔ اُس کے بعد ایسا ہوا کہ بنی موآب اور بنی عمون اور اُن کے ساتھ بعض عمونیوں نے یہوسفط سے لڑنے کو چڑھائی کی۔

3۔ اور یہوسفط ڈر کر دل سے خداوند کا طالب ہوا اور سارے یہوداہ میں روزہ کی منادی کرائی۔

4۔ اور بنی یہوداہ خداوند سے مدد مانگنے کو اکٹھے ہوئے بلکہ یہوداہ کے سب شہروں میں سے خداوند سے مدد مانگنے کو آئے۔

5۔ اور یہوسفط یہوداہ اور یروشلیم کی جماعت کے درمیان خداوند کے گھر میں نئے صحن کے آگے کھڑا ہوا۔

6۔ اور کہا اے خداوند ہمارے باپ دادا کے خدا کیا تُو ہی آسمان میں خدا نہیں؟ اور کیا قوموں کی سب مملکتوں پر حکومت کرنے والا تُو ہی نہیں؟ زور اور قدرت تیرے ہاتھ میں ہے ایسا کہ کوئی تیرا سامنا نہیں کر سکتا۔

13۔ اور سارا یہوداہ اپنے بچوں اور بیویوں اور لڑکوں سمیت خداوند کے حضور کھڑا رہا۔

14۔ تب یحزی ایل بن زکریاہ پر۔

15۔۔۔ کہنے لگا اے تمام یہوداہ اور یروشلیم کے باشندو اور اے بادشاہ یہوسفط تم سب سنو۔ خداوند تم کو یوں فرماتا ہے کہ تم اِس بڑے انبوہ کی وجہ سے نہ تو ڈرو اور نہ گھبراؤ کیونکہ یہ جنگ تمہاری نہیں بلکہ خدا کی ہے۔

17۔ تم کو اِس جنگ میں لڑنا نہیں پڑے گا۔ اے یہوداہ اور یروشلیم! تم قطار باندھ کر چپ چاپ کھڑے رہنا اور خداوند کی نجات جو تمہارے ساتھ ہے دیکھنا۔ خوف نہ کرو اور ہراساں نہ ہو۔ اُن کے مقابلہ کو نکلنا کیونکہ خداوند تمہارے ساتھ ہے۔

18۔ اور یہوسفط سر نگوں ہو کر زمین تک جھکا اور تمام یہوداہ اور یروشلیم کے رہنے والوں نے خدا کے آگے گر کر اُس کو سجدہ کیا۔

20۔ اور وہ صبح وسویرے اٹھ کر دشتِ تقوع میں نکل گئے اور اُن کے چلتے وقت یہوسفط نے کھڑے ہو کر کہا اے یہوداہ اور یروشلیم کے باشندو! میری سنو۔ خداوند اپنے خدا پر ایمان رکھو تو تم قائم کئے جاؤ گے۔ اُس کے نبیوں کا یقین کرو تو تم کامیاب کئے جاؤ گے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

21۔ اور جب اُس نے قوم سے مشورہ کر لیا تو اُن لوگوں کو مقرر کیا جو لشکر کے آگے آگے چلتے ہوئے خداوند کے لئے گائیں اور حسنِ تقدس کے ساتھ اُس کی حمد کریں اور کہیں کہ خداوند کی شکر گزاری کرو کیونکہ اُس کی رحمت ابد تک ہے۔

22۔ جب وہ گانے اور حمد کرنے لگے تو خداوند نے بنی عمون اور موآب اور کوہِ شعیر کے باشندوں پر جو یہوداہ پر چڑھے آرہے تھے کمین والوں کو بیٹھا دیا۔ سو وہ مارے گئے۔

27۔ تب وہ لوٹے یعنی یہوداہ اور یروشلیم کا ہر شخص اور اُن کے آگے یہوسفط تاکہ وہ خوشی خوشی یروشلیم کو واپس جائیں کیونکہ خداوند نے اُن کو اُن کے دشمنوں پر شادمان کیا تھا۔

28۔ سو وہ ستار اور بربط اور نرسنگے لئے یروشلیم میں خداوند کے گھر میں آئے۔

29۔ اور خدا کا خوف اُن ملکوں کی سب سلطنتوں پر چھا گیا جب اُنہوں نے سنا کہ اسرائیل کے دشمنوں سے خداوند کی لڑائی ہے۔

30۔ سو یہوسفط کی سلطنت میں امن رہا کیونکہ اُس کے خدا نے اُس کو چاروں طرف سے امان بخشی۔

## 3۔ ایوب 5 باب 8، 9، 12، 13، 19 تا 24 (تا:) آیات

8۔ لیکن میں تو خدا ہی کا طالب رہوں گا اور اپنا معاملہ خدا ہی پر چھوڑوں گا۔

9۔ جو ایسے بڑے بڑے کام جو دریافت نہیں ہو سکتے اور بیشمار عجیب کام کرتا ہے۔

12۔ وہ عیاروں کی تدبیروں کو باطل کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ اُن کے ہاتھ اُن کے مقصد کو پورا نہیں کر سکتے۔

13۔ وہ ہوشیاروں کو اُن ہی کی چالاکیوں میں پھنساتا ہے اور ٹیڑے لوگوں کی مشورت جلد جاتی رہتی ہے۔

19۔ وہ تجھے چھ مصیبتوں سے چھڑائے گا بلکہ سات میں بھی کوئی آفت تجھے چھونے نہ پائے گی۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''، میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

20۔ کال میں وہ تجھ کو موت سے بچائے گا اور لڑائی میں تلوار کی دھار سے۔

21۔ تُو زبان کے کوڑے سے محفوظ رکھا جائے گا اور جب ہلاکت آئے گی تو تجھے ڈر نہیں لگے گا

22۔ تو ہلاکت اور خشک سالی پر ہنسے گا اور زمین کے درندوں سے تجھے کچھ خوف نہ ہو گا۔

23۔ میدان کے پتھروں کے ساتھ تیرا ایکا ہو گا اور جنگلی درندے تجھ سے میل رکھیں گے۔

24۔ اور تُو جانے گا کہ تیرا ڈیرا محفوظ ہے۔

## 4۔ 1 تمیتھیس 2 باب 1 تا 4 آیات

1۔ پس میں سب سے پہلے یہ نصیحت کرتا ہوں کہ مناجاتیں اور دعائیں اور التجائیں اور شکر گزاریاں سب آدمیوں کے لئے کی جائیں۔

2۔ بادشاہوں اور سب بڑے مرتبہ والوں کے واسطے اِس لئے کہ ہم کمال دینداری اور سنجیدگی سے امن وامان کے ساتھ زندگی گزاریں۔

3۔ یہ ہمارے منجی خدا کے نزدیک عمدہ اور پسندیدہ ہے۔

4۔ وہ چاہتا ہے کہ سب آدمی نجات پائیں اور سچائی کی پہچان تک پہنچیں۔

## 5۔ یسعیاہ 11 باب 9 (کیونکہ) آیت

9۔۔۔ کیونکہ جس طرح سمندر پانی سے بھرا ہے اُسی طرح زمین خداوند کے عرفان سے معمور ہو گی۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 76:6۔8(تا؛)

جب ہستی کو سمجھ لیا جاتا ہے تو زندگی کو نہ مادی نہ محدود مانا جاتا ہے بلکہ اِسے خدا، یعنی عالمگیر اچھائی کی مانند لا محدود سمجھا جاتا ہے؛

## 2۔ 255:1(ابدی)۔6

ابدی حق کائنات کو تبدیل کر رہا ہے۔ جب انسان اپنے ذہنی پوتڑے اُتار ڈالتا ہے، تو خیال اظہار میں وسعت پاتے ہیں۔ ”روشنی ہو جا،“ حق اور محبت کا دائمی مطالبہ ہے، جو افراتفری کو تہذیب میں اور بے سُر کو کائنات کی موسیقی میں تبدیل کرتا ہے۔

## 3۔ 29:5۔15

خدا کائنات کو، بشمول انسان، خلق کرتا اور اُس پر حکومت کرتا ہے، یہ کائنات روحانی خیالات سے بھری پڑی ہے، جنہیں وہ تیار کرتا ہے، اور وہ اُس عقل کی فرمانبرداری کرتے ہیں جو انہیں بناتی ہے۔ فانی عقل مادی کو روحانی میں

تبدیل کر دے گی، اور پھر انسان کی اصل خودی کو غلطی کی فانیت سے رہا کرنے کے لئے ٹھیک کرے گی۔ فانی لوگ غیر فانیوں کی مانند خدا کی صورت پر پیدا نہیں کئے گئے، بلکہ لا محدود روحانی ہستی کی مانند فانی ضمیر بالا آخر سائنسی حقیقت کو تسلیم کرے گا اور غائب ہو جائے گا، اور ہستی کا، کامل اور ہمیشہ سے برقرار حقیقی فہم سامنے آئے گا۔

4۔ 209:5۔8، 10۔13، 16۔30

عقل، اپنی تمام تر اصلاحات پر برتر اور اِن سب پر حکمرانی کرنے والی، اپنے خود کے خیالات کے نظاموں کا ایک مرکزی شمس ہے، یعنی اپنی خود کی وسیع تخلیق کی روشنی اور زندگی؛ اور انسان الٰہی عقل کا معاون ہے۔ مادہ اور فانی بدن یا عقل انسان نہیں ہے۔

دنیا عقل کے بنا، اُس ذہانت کے بنا شدید متاثر ہو گی جو طوفانوں کو اپنی گرفت میں دبائے رکھتی ہے۔ نہ ہی فلسفہ اور نہ ہی تشکیک پرستی اُس سائنس کے بڑھنے میں رکاوٹ بن سکتے ہیں جو عقل کی بالادستی کو ظاہر کرتی ہے۔

زمین کو تشکیل دینے والی آمیختہ معدنیات یا مجتمع مواد، مادوں کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر رکھنے والی نسبت، طول وعرض، فاصلے اور فلکی اجسام کے چکر تب حقیقی اہمیت نہیں رکھتے جب ہم یہ یاد کرتے ہیں کہ اِن سب کو روح میں انسان اور کائنات کی ترجمانی کے ذریعے روحانی حقیقت کو جگہ دینی چاہئے۔ جب یہ سب کیا جاتا ہے تو اِس تناسب میں، انسان اور کائنات کو ہم آہنگ اور ابدی پایا جاتا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

مادی مواد یا دنیاوی بناوٹیں، فلکیاتی حساب کتاب، قیاسی مفروضوں کے تمام تر مجموعے، جن کی بنیاد مادی قانون یا زندگی کے مفروضوں اور اُس ذہانت پر ہوتی ہے جو مادے میں پائی جاتی ہے، سب بالا آخر غائب ہو جائے گی، روح کے لا متناہی سنگ ریز میں نگل لی جائے گی۔

## 5۔ 293:13۔16، 21۔31

نام نہاد گیسیں اور قوتیں الٰہی عقل کی روحانی قوتوں کے مخالف ہیں، جس کی توانائی سچائی ہے، جس کی دلکشی محبت ہے، ہستی کے ابدی حقائق کو مسلسل جاری رکھتے ہوئے جس کی پیروی اور ملاپ زندگی ہے۔

یہاں فانی عقل کا خشک غضب نہیں ہے جس کا اظہار زلزلے، آندھی، لہروں، گرج چمک، آگ، بیہمانہ درندگی میں ہوتا ہے، اور یہ نام نہاد عقل خود شکستہ ہوتی ہے۔ بدی کے اظہار، جو الٰہی عدل کے مخالف ہیں، اِن کو کلام میں ''خداوند کا غضب'' کہا گیا ہے۔ حقیقت میں، یہ مادے یا غلطی کی خود شکستگی دکھاتے یا مادے کے مخالف کی طرف اشارہ کرتے ہیں، جو روح کی طاقت اور استقلال ہے۔ کرسچن سائنس سچائی اور اِس کی عظمت، عالمگیر ہم آہنگی، خدا، یعنی اچھائی، کی کُلیت اور بدی کے عدم کو روشنی میں لاتی ہے۔

## 6۔ 469:25۔5

جب ہم یہ تسلیم کر لیتے ہیں کہ خدا، یا اچھائی، ہر جا موجود اور ساری طاقت رکھتا ہے تو ہم قادر مطلق کے بلند مفہوم کو کھو دیتے ہیں، ہم ابھی بھی یہ مانتے ہیں کہ شیطان نامی ایک اور طاقت موجود ہے۔ یہ ایمان کہ ایک سے زیادہ عقل موجود ہیں الٰہی تھیالوجی کے لئے اس قدر تباہ کن ہے جتنی قدیم دیومالائی کہانیاں اور غیر قوموں کی بُت پرستی

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

ہے۔ایک باپ، حتیٰ کے خدا، کے ساتھ انسان کا پورا خاندان بھائی ہوں گے اور ایک عقل اور خدا، یا اچھائی کے ساتھ انسان کا بھائی چارہ محبت اور سچائی پر اور اصول اور روحانی قوت پر مشتمل ہوگا جو الٰہی سائنس کو قائم کرتے ہیں۔

## 7۔ 276:1۔9،12۔16

ایک خدا، ایک عقل کو ماننا اُس قوت کو ایاں کرتا ہے جو بیمار کو شفا دیتی اور کلام کے ان اقوال کو پورا کرتی ہے کہ، ''میں خداوند تیرا شافی ہوں'' اور ''مجھے فدیہ مل گیا ہے۔'' جب الٰہی احکامات کو سمجھ لیا جاتا ہے تو وہ شراکت کی اُس بنیاد کو ایاں کرتے ہیں جس میں ایک عقل دوسری کے ساتھ جنگ نہیں کرتی، بلکہ سب میں ایک روح، خدا، ایک ذہین وسیلہ ہوتا ہے، جو کلام کے اِس حکم سے مطابقت رکھتا ہے کہ: ''ویسا ہی مزاج رکھو جیسا مسیح کا تھا۔''

اس بات کا احساس کہ تمام خارج از آہنگی غیر واقعی ہے انسانی تصور میں خیالات اور چیزوں کو اُن کی اصلی روشنی کے ساتھ لاتا ہے، اور انہیں بہت خوبصورت اور لافانی طور پر پیش کرتا ہے۔ انسان میں ہم آہنگی اُتنی ہی حقیقی اور لافانی ہوتی ہے جتنی موسیقی میں ہوتی ہے۔ مخالفت غیر واقعی اور فانی ہے۔

## 8۔ 225:14۔22

ہماری ملکی تاریخ، باقی تاریخ کی مانند، عقل کی طاقت بیان کرتی ہے اور انسانی قوت کو درست سوچ میں مجسم ہونے سے متناسب ظاہر کرتی ہے۔ الٰہی انصاف کی طاقت کا دم بھرتے ہوئے، چند لافانی جملے آمرانہ زنجیروں کو توڑنے

اور کوڑے مارنے والی ٹکٹکی اور غلاموں کی منڈی کا خاتمہ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں؛ مگر نہ تو خون میں جبر کم ہوا، اور نہ ہی توپ کے منہ سے آزادی کی سانس نکلی۔ محبت آزاد کرنے والی ہے۔

## 9۔ 7:226(اِس)۔17

۔۔۔اِس نئی تحریک کے قاصد کی آواز کائنات کی آزادی کے بنیادی سُر جیسی سنائی دی، بطور خدا کے بیٹے انسان کے حقوق کی مکمل منظوری طلب کرتے ہوئے، یہ مطالبہ رکھتے ہوئے کہ گناہ، بیماری اور موت کی کڑیاں انسانی عقل سے سخت ہوں اور یہ کہ اِس کی آزادی جیتی جائے انسانی جنگ کے وسیلہ نہیں، خون اور خنجر کے ساتھ نہیں بلکہ مسیح کی الٰہی سائنس کے وسیلہ۔

خدا نے انسانی حقوق کا ایک بلند تر مقام تعمیر کر رکھا ہے، اور اِسے اُس نے الٰہی دعوں پر تعمیر کیا ہے۔ یہ دعوے اشاروں یا عقائد کے وسیلہ نہیں بنائے گئے، بلکہ ''زمین پر اُن آدمیوں سے جن سے راضی ہو صلح'' کے اظہار سے۔

## 10۔ 25۔21:576

یہ جو ''تمہارے درمیان'' خدا کی بادشاہی ہے یہ یہاں انسان کے شعور کی رسائی میں ہے، اور روحانی خیال اِسے ظاہر کرتا ہے۔ الٰہی سائنس میں، انسان خدا سے متعلق اپنی سمجھ کے تناسب میں شعوری طور پر اِس ہم آہنگی کی پہچان کی ملکیت رکھتا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 11۔ 16:585 (افرات) ۔19

افرات (دریا)۔ الٰہی سائنس کائنات اور انسان، جو خدا کا حقیقی خیال ہے؛ اُس کا احاطہ کرنے والا، آنے والے جلال کی ایک قسم، طبیعات کی جگہ لینے والی مابعد الطبیعات؛ راستبازی کی سلطنت۔

## 12۔ 5-28:502

کائنات خدا کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک خالق اور ایک تخلیق کے سوا اور کوئی نہیں۔ یہ تخلیق روحانی خیالات اور اُن کی شناختوں کے ایاں ہونے پر مشتمل ہے، جو لامحدود عقل کے دامن سے جڑے ہیں اور ہمیشہ منعکس ہوتے ہیں۔ یہ خیالات محدود سے لامحدود تک وسیع ہیں اور بلند ترین خیالات خدا کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں۔

## 13۔ 15-12:503

غلطی کی تاریکی سے الٰہی سائنس، یعنی خدا کا کلام کہتا ہے کہ، ”خدا حاکم کل ہے“ ہے، اور ازل سے موجود محبت کی روشنی کائنات کو روشن کرتی ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## روز مرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ”تیری بادشاہی آئے؛“ الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔

## فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔